[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No...............**

| | | |
|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | : | **11537** |
| Unique Paper Code | : | 2141002003 |
| Name of the Paper | : | Urdu – C |
| Name of the Course | : | **AEC** |
| Semester | : | III |

Duration : 2 Hours                                        Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

۱۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ ۱۰

رو کر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں    میں جانتی ہوں جس لیے آئے ہو تم یہاں
سب کی خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں    لیکن میں اپنے منہ سے نہ ہرگز کہوں گی ہاں
کس طرح بن میں آنکھوں کے تارے کو بھیج دوں
جوگی بنا کے راج دلارے کو بھیج دوں

(i) ماں نے رو کر کیا کہا؟

(ii) سب کی خوشی کس بات میں ہے؟

(iii) ماں اپنی زبان سے کیا بات نہیں کہے گی؟

(iv) آنکھوں کا تارا کسے کہتے ہیں؟

(v) بن میں جوگی بنا کر کس کو بھیجا جا رہا ہے؟

P.T.O.

۲۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ ۱۰

آنسو پونچھ کر اور دل مضبوط کر کے میز کے سامنے آبیٹھے، دانت بھینچ لیے، نِک ٹائی کھول دی، آستینیں چڑھالیں، لیکن کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کریں؟ سامنے سُرخ، سبز، زرد، سب ہی قسم کی کتابوں کا انبار لگا تھا، اب ان میں سے کون سی پڑھیں؟ فیصلہ یہ ہوا کہ پہلے سب کتابوں کو ترتیب سے میز پر لگادیں کہ باقاعدہ مطالعہ کی پہلی منزل یہی ہے۔

(i) میز کے سامنے بیٹھنے سے پہلے کیا کیا؟

(ii) میز کے سامنے بیٹھنے کے بعد کیا کیا؟

(iii) سامنے کیسی کتابیں پڑی تھیں؟

(iv) جب کچھ سمجھ نہ آیا تو کیا فیصلہ ہوا؟

(v) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟

۳۔ نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ ۵

(i) ستاروں سے آگے ________ اور بھی ہیں

(ii) یہ خلش کہاں سے ہوتی جو ________ کے پار ہوتا

(iii) ابھی ________ کے امتحاں اور بھی ہیں

(iv) ترے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان ________ جانا

(v) گلوں میں ________ بھرے، بادِ نو بہار چلے

۴۔ نیچے دیے ہوئے اشعار میں سے تین کی تشریح لکھیے۔ ۱۵

قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی
تمہارے نام پہ آئیں گے غم گسار چلے

ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

۵۔ نظم شیشے کا آدمی میں کیا بات کہی گئی ہے؟ ۱۰

یا

نظم 'رامائن' کا ایک سین کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔

P.T.O.

۶۔ ’جی آیا صاحب‘ کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیے۔ ۱۰

یا

غالب کی شاعری کی خوبیاں بتائیے۔